© rasailojaraid.com



# ترجمان الحدیث

**قبلہ رُخ ہے رَواں ترجمان الحدیث**

رہبر رہرواں ترجمان الحدیث
جادۂ حق نشاں ترجمان الحدیث

ترکۂ رفتگاں ترجمان الحدیث
ورثۂ وارثاں ترجمان الحدیث

زندگی جن کی درس حدیث رسولؐ
ان کا دل، اُن کی جاں ترجمان الحدیث

تشنگانِ احادیث کے واسطے
جوئے آبِ رواں ترجمان الحدیث

ہے حدیثِ نبیؐ باغ دینِ مبیں!
اس کا ہے باغباں ترجمان الحدیث

جادہ پیما ہوا ہے عجب شان سے
زخمہ زن نغمہ خواں ترجمان الحدیث

دین و علم و ادب کے افق پر ہُوا!
جلوہ زا، ضوفشاں ترجمان الحدیث

ہر جریدہ کا ہے اپنا اک راستہ
قبلہ رُخ ہے رواں ترجمان الحدیث

کشتۂ حسرت و یاس کے واسطے
مشفق و مہرباں ترجمان الحدیث

نام میں کام میں صورتاً سیرتاً
حاملِ عزوشاں ترجمان الحدیث

اختتامِ نبوت محمدؐ پہ ہے
اس کا ہے پاسباں ترجمان الحدیث

ایک گنج گہر ہے حدیثِ نبیؐ
اور گوہر فشاں ترجمان الحدیث

ہے کلامِ الٰہی کی آیات کا
شارح و ترجماں ترجمان الحدیث

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شرک و بدعات و الحاد کی راہ میں — ایک کوہِ گراں ترجمان الحدیث

سائے تاریکیوں کے سمٹنے لگے — یوں ہوا ضوفشاں ترجمان الحدیث

وعدۂ شوق و پیمانِ خود آگہی — نقشِ دل، حرزِ جاں ترجمان الحدیث

دین و ایمان و مذہب ہے اک کارواں — قائدِ کارواں ترجمان الحدیث

شامِ کرب و بلا جہل و فسق و فجور — صبحِ امن و اماں ترجمان الحدیث

ہے دعا عاجزِ ناتواں کی یہی!
ہو سدا کامراں ترجمان الحدیث

حضرت مولانا عبدالرحمٰن عاجز مالیر کوٹلوی۔


# الاسلام ڈائری

۱۹۸۵ء

بحمداللہ الاسلام ڈائری ۱۹۸۵ء تکمیل کے مراحل بڑی تیزی سے طے کر رہی ہے جملہ احباب جماعت سے استدعا ہے کہ اپنے دینی، علمی اور کاروباری اداروں کے اشتہارات جلد از جلد بھیج دیں۔ ڈائری کی رعایتی اور پیشگی قیمت -/۲۵ روپیہ ہے۔ عام قیمت -/۴۰ روپے
مع محصول ڈاک رجسٹری

بیرونی ممالک سے احباب ڈاک خرچ خود برداشت کریں گے۔

اشتہار مکمل صفحہ -/۵۰۰ روپیہ ہے اور اسی حساب سے نصف اور چوتھائی صفحہ کا معاوضہ ارسال کریں۔ ہر مشتہر کو ڈائری فری دی جائے گی۔

- ادارہ الاسلام ڈائری ۳۵ شاہ جمال کالونی لاہور ۱۴ فون ۴۱۰۷۴۶
- بشیر انصاری ایم اے مدیر الاسلام چاہ شاہاں گوجرانوالہ فون ۷۳۶۲۰


© rasailojaraid.com